کورونا وائرس (کووڈ-19) کی انتہائی دشواری میں معاونتی پروگرام

اپنی درخواست کیسے جمع کرائیں

یہ صفحہ فارسی، نیپالی، تامل اور اردو میں بھی دستیاب ہے۔

ایمرجنسی ریلیف پروگرام کے بارے میں

ایمرجنسی ریلیف لوگوں کی کھانے، دوا اور پناہ جیسی بنیادی ضروریات پورا کرنے میں مدد دینے کے لیے ہے۔

آسٹریلین Red Cross کو وکٹوریہ حکومت کی طرف سے فنڈ موصول ہوا ہے، بالخصوص ان لوگوں کی مدد کے لیے جنہیں کامن ویلتھ انکم سپورٹ (بشمول JobSeeker اور JobKeeper) یا وکٹوریہ حکومت کے انٹرنیشنل اسٹوڈنٹ ایمرجنسی فنڈ کی رسائی حاصل نہیں ہے۔

اس امداد کا ہدف عارضی اور عبوری ویزہ والے سب سے کمزور اور غیر رجسٹرڈ شدہ مہاجرین لوگ ہیں۔ انفرادی ضرورت کی بنیاد پر فی کس یا فی خاندان ایمرجنسی ریلیف کی تین چھوٹی ادائیگیاں اگلے چھ ماہ کی مدت تک کی جاسکتی ہیں۔

اپنی درخواست شروع کرنے سے پہلے

اپنی درخواست شروع کرنے سے پہلے، ایمرجنسی ریلیف سپورٹ ویب سائٹ پر اہلیتی معیار ملاحظہ کرلیں۔

درخواست دینے کا طریقہ

اس دستاویز میں ایمرجنسی ریلیف سپورٹ ویب سائٹ کے ذریعہ اپنی درخواست دینے کی ہدایات مرحلہ وار فراہم کی گئی ہیں۔ درخواست کی ویب سائٹ آسان چینی، ملیشیائی، ہسپانوی اور ویتنامی زبانوں میں بھی دستیاب ہے۔ آپ چار مراحل کو مکمل کریں گے، جیسا کہ خاکہ 1 میں دکھایا گیا ہے۔

خاکہ 1. **درخواست دینے کے چار مراحل**

مرحلہ 1: اپنی درخواست شروع کریں

A. [ایمرجنسی ریلیف سپورٹ پورٹل] ملاحظہ کریں (یہ پورٹل انگریزی، ملیشیائی، چینی اور ویتنامی زبانوں میں دستیاب ہے)

B. **رجسٹر (Register)** ٹیب پر کلک کرکے، Red Cross میں اکاؤنٹ بنانے کے لیے رجسٹر کریں۔

نوٹ: آپ کو ایک پاس ورڈ بنانا ہو ہوگا جس کی طوالت آٹھ حروف کی ہوگی جو اعداد، نشان، چھوٹے حروف اور بڑے حروف پر مشتمل ہوگا۔



C. درج کی گئی معلومات پر نظر ثانی کریں، اور **اگلا (Next)** پر کلک کریں۔

مرحلہ 2: ہمیں اپنے بارے میں بتائیں

A. فارم میں اپنی ذاتی معلومات درج کریں



25%

* نام کا آخری حصہ: Smith

نام کا پہلا حصہ: Will

ای میل: johntest@hotmail.com

پرائمری فون (اگر لینڈ لائن نمبرہو، تو ایریا کوڈ): 0402160987

مترجم درکار ہے؟: ہاں

تاریخ پیدائش (دن/ مہینہ/ سال): 10/12/1967

گھریلو زبان: German

جنس: Male

مضافاتی علاقہ: Box Hill, Melbourne

گلی کا پتہ: 90 Albion Street

ریاست: VIC

پوسٹ کوڈ: 3128

B. فارم میں اپنے ویزہ کی معلومات اور خاندان کی تشکیل کی تفصیلات درج کریں۔

آپ کی اہلیت کا تجزیہ کرنے کے لیے، ہمیں یہ ضرورت ہوگی کہ آپ اپنے ویزہ کی اسٹیٹس چیک کریں

ویزہ کی نوعیت

سفری دستاویز کی نوعیت

دستاویز نمبر

آپ کے سفری دستاویز کے مطابق آپ قومیت

خاندان کی تشکیل

براہ کرم، اس اختیار کو منتخب کریں جو آسٹریلیا میں آپ کے ساتھ رہائش پذیر آپ کے خاندان کی مجموعے کو بہتر طور پر ظاہر کرتا ہے۔

زیر کفالت افرادشامل کریں

براہ کرم، اضافی شخص کے ویزہ کی تفصیلات اس فارم پر درج کریں۔

دستاویز کا نمبر	سفری دستاویز کی نوعیت	قومیت	تاریخ پیدائش	نام کا آخری حصہ	نام کا پہلا حصہ

ڈسپلے کرنے کے لیے کوئی ریکارڈ نہیں ہے

C. فارم میں اپنے ویزہ کی معلومات اور خاندن کی تشکیل کی تفصیلات درج کریں۔



D. ایمرجنسی فوڈ ریلیف کی ضرورت پڑنے کے اسباب پر کلک کریں، اور آپ کو کس چیز کے لیے ادائیگی کی ضرورت ہے۔

مرحلہ 3: معاون دستاویزات اپ لوڈ کریں

A. اپنے بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات درج کریں، بشمول درج ذیل:
- اکاؤنٹ کا نام
- بی ایس بی نمبر
- اکاؤنٹ نمبر

B. بینک اکاؤنٹ کے حالیہ گوشوارے فراہم کرنے کے لیے **اپ لوڈ (Upload)** پر کلک کریں۔

نوٹ: یہ گوشوارہ دو ہفتے سے کم پرانا ہونا چاہئے اور تین مہینے کی مالیت کی لین دین کا احاطہ ہونا چاہئے۔

C. اپنے ویزہ کی ایک عدد نقل فراہم کرنے کے لیے **اپ لوڈ (Upload)** پر کلک کریں۔



D. جب آپ تمام دستاویزات کی اپ لوڈنگ مکمل کرلیں، تو آگے بڑھنے کے لیے **اگلا (Next)** پر کلک کریں۔

مرحلہ 4: تصدیق کریں اور اپنی درخواست کو جمع کردیں

A. اعلامیہ کو پڑھ لیں
B. اگر آپ اعلامیہ کو سمجھتے ہیں اور تسلیم کرتے ہیں، تو اسکرین کے نچلے حصے میں بنے باکس پرنشان زد کریں ۔
C. اپنی درخواست کو حتمی شکل دینے کے لیے **جمع کریں (Submit)** پر کلک کریں۔

اب آپ نے اپنی درخواست کامیابی سے مکمل کرلی ہے۔


100%

اعلامیہ

یہ درخواست جمع کرکے آپ یہ اقرار کرتے ہیں کہ:

1. درخواست کے جزو کے طورپر آپ کے ذریعہ آسٹریلین Red Cross کو فراہم کی گئی تمام معلومات درست اور صحیح ہیں۔
2. اگر آپ کی درخواست میں ایسی معلومات یا دستاویزات شامل ہیں، جو غلط یا گمراہ کن بشمول متعلقہ احوال کو چھپانے والی ہیں، تو آپ کی درخواست مسترد کردی جائے گی۔
3. آپ آسٹریلیائی شہری یا مستقل باشندے نہیں ہیں۔
4. آپ اور اس درخواست میں احاطہ کیے گئے خاندان کے ارکان کی حیثیت درج ذیل ہے:

(a) فی الحال، ریاست وکٹوریہ میں رہتے ہیں؛ اور
(b) کووڈ-19 کی وبا کی وجہ سے مالی دشواریوں کا سامنا کررہے ہیں اور درخواست دینے کے وقت تک موصول ہونے والی کوئی آمدنی اس طرح کے خاندان کی تشکیل کے لیے مساوی سینٹر لنک سے کم ہے؛ اور
(c) کامن ویلتھ انکم سپورٹ یا وکٹوریہ حکومت کے انٹرنیشنل اسٹوڈنٹ ایمرجنسی فنڈ کی رسائی حاصل نہیں ہے؛ اور
(d) درخواست دیتے وقت کسی دوسری تنظیم، خاندان یا کمیونٹی کی طرف سے کوئی خاندانی امداد موصول نہیں کررہے ہیں۔

5. آپ کو فراہم کیا جانے والا فنڈ غذا اور دوا جیسی لازمی ضروریات کو پورا کرنے کے مقررہ مقصد کےلیے استعمال کیا جائے گا۔
6. آپ کی درخواست میں درج تمام ذاتی معلومات کو پرائیویسی کلیکشن نوٹس میں دیئے گئے اصولوں کے مطابق جمع کیا جائے گا اور استعمال کیا جائے گا۔
7. آسٹریلین Red Cross کے نمائندے آپ کی درخواست میں درج تھرڈ پارٹی آرگنائزیشن سے رابطہ کرسکتے ہیں، یہ توثیق کرنے کے لیے کہ آپ کے ذریعہ فراہم کی گئی معلومات درست ہیں اور یہ کہ وہ تھرڈ پارٹی آرگنائزیشن اس طرح کی معلومات کو آسٹریلین Red Cross کو ظاہر کرسکتی ہے۔
8. آپ یہ سمجھتے ہیں کہ فی گھرانہ صرف ایک درخواست پر غور کیا جائے گا۔

اس باکس میں ٹک کا نشان لگا کر، میں اس اعلامیہ کو سمجھ لینے اور تسلیم کرنے کی تصدیق کرتا/ کرتی ہوں *

جمع کریں سابقہ

آگے کیا ہوگا؟

- Red Cross اس بات کی جانچ کرے گی کہ آیا آپ کی درخواست مکمل ہے، اور اگر مزید کوئی معلومات درکار ہو تو آپ سے رابطہ کرے گی۔
- اگر آپ اہل نہیں ہیں، تو Red Cross آپ کو مطلع کرنے کے لیے اندرون 5 یوم کار آپ کو ایک ای-میل ارسال کرے گی۔
- اگر آپ اہل ہیں، تو Red Cross آپ کو ایک ای-میل ارسال کرے گی اور اندرون 5 یوم کار آپ کے نامزد بینک اکاؤنٹ میں براہ راست ایک قسط کی ادائیگی کرے گی۔

مزید معلومات کے لیے، محکمہ انسانی خدمات کی ویب سائٹ پر ایکسٹریم ہارڈشپ پروگرام اوورویو ملاحظہ کریں۔